1305 ـ بغیر شرعی دلیل کے کسی یوم کی خصوصیت کا دعوی

سوال

تیرا اور اکیس اور بائیس اور ستائیس رجب کی کیا اہمیت ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد لله.

بذاتہ ان ایام کو مطلقا کوئی خصوصیت حاصل نہیں، لیکن یہ ہے کہ ماہ رجب کے بغیر کسی استثناء سارے ایام ہی عظیم ہیں، کیونکہ یہ ماہ حرمت والے مہینوں مثلا ذوالقعدہ اور ذوالحجہ اور محرم اور رجب میں شامل ہوتا ہے.

ہر مہینہ کی تیرہ تاریخ کا دن ۔ صرف رجب کا نہیں ۔ تین ایام بیض میں سے ایك ہے جن میں روزہ رکھنا مستحب ہے، اور وہ قمری مہینہ کی تیرہ چودہ اور پندرہ تاریخ شمار ہوتے ہیں.

اکثر بدعتی لوگ بغیر کسی شرعی دلیل کے مخصوص ایام میں عبادت کی افضلیت کا اعتقاد رکھتے ہیں، ان لوگوں کا یہ عمل مردود ہے اور قابل قبول نہیں، کیونکہ انہوں نے اللہ کے دین میں وہ کچھ ایجاد کر لیا ہے جس کی اللہ تعالی نے اجازت نہیں دی.

اللہ تعالی سے دعا ہے کہ ہمیں سنت نبوی کی پیروی کرنے اور بدعات سے اجتناب کی توفیق نصیب فرمائے.

اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پراپنی رحمتیں نازل فرمائے.

واللہ اعلم .